2023-24
سُنّی
جنتری
محمد مُشاہد حسین
قادری چشتی ثمری
MUSHAHID
ESTD 1989
مشاہد بکڈپو
BOOK DEPOT

مدنی جنتری
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ
والسلام علی رسولہ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ
وابنہ الغوث الاعظم الجیلانی البغدادی اجمعین
دعا
مولانا حسن رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ
درد دل کر مجھے عطا یارب
دے مرے درد کی دوا یارب
لاج رکھ لے گناہ گاروں کی
نام رحمٰن ہے ترا یارب
عیب میرے نہ کھول محشر میں
نام ستّار ہے ترا یارب
بے سبب بخش دے نہ پوچھ عمل
نام غفّار ہے ترا یارب
تو نے میرے ذلیل ہاتھوں میں
دامن مصطفٰے ﷺ دیا یارب
اہل سنّت کی ہر جماعت پر
ہر جگہ ہو تری عطا یارب
دشمنوں کے لیے ہدایت کی
تجھ سے کرتا ہوں التجا یارب
تو حسن کو اٹھا حسن کر کے
ہو مع الخیر خاتمہ یارب
طالب دعا محمد مشاہد حسین قادری چشتی شمری

کامل مؤمن کے 4 اوصاف

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ اَحَبَّ لِلّٰهِ وَاَبْغَضَ لِلّٰهِ وَاَعْطٰى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْاِيْمَانَ ۝ ترجمہ: جو اللہ پاک کے لیے محبت کرے، اور اللہ پاک کے لیے دشمنی رکھے، اور اللہ پاک کے لیے عطا کرے اور اللہ پاک کے لیے روکے، تو اُس شخص نے اپنا ایمان مکمل کیا۔ (ابوداؤد، 290/4، حدیث: 4681)

اِس فرمانِ عالی شان کی وضاحت یہ ہے کہ: محبت ونفرت دل کے کام ہیں اور دینا اور نہ دینا انسانی اعضا کے کام، لہٰذا جب دل اور اعضا کے کام دونوں اللہ کے لئے ہوں تو بندے کا ایمان کامل ہوجاتا ہے، اور علما فرماتے ہیں کہ: دل کی درستی سے عمل بھی دُرست ہوجاتا ہے کیوں کہ جب دل اللہ پاک کی رضا کو پسند کرنے لگے تو اعضا اللہ پاک کی نافرمانی والے کاموں میں نہیں لگتے بلکہ اُس کی رضا والے کام کرنا پسند کرتے ہیں۔ (غذاء الالباب، 47/1 ملخصًا)

اِس حدیث پاک نے مختصر الفاظ میں معیارِ زندگی مقرر کیا گیا ہے اور اس معیار کو کامل ایمان کا سبب بھی قرار دیا گیا ہے، ہونا تو یہ چاہیے کہ ہمارے روز وشب، اقوال وافعال، لین دین، افکار وکردار اور ہمارے تمام تر کاموں کا دارو

مدار اللہ پاک کی رضا پر ہو۔ مذکورہ حدیث میں کامل ایمان والوں کی چار صفات بیان کی گئی ہیں، اِن کی مختصر وضاحت ملاحظہ کیجیے:

① 'محبت' اللہ کے لیے ہو دل کسی خوبی یا کمال کی وجہ سے کسی کی جانب کھنچا چلا جائے تو اُسے محبت کہتے ہیں۔ (فیض القدیر، 217/1)

جب بندہ اپنے دل ودماغ میں یہ بات بٹھالیتا ہے کہ "اللہ پاک ہی کا حقیقی کمال ہے۔" بندہ ہر عمل کرنے سے پہلے اپنی نیت وارادے کو اخلاص کی کسوٹی پر پرکھ لیتا ہے، عمل کرنے کے دوران اللہ پاک کے بیان کردہ احکام کی خلاف ورزی سے بچنے کی بھرپور کوشش کرتا ہے، اگر کہیں کوئی کمی رہ جائے یا کوئی غلطی ہو جائے تو بارگاہِ الٰہی سے معافی طلب کرنے میں تاخیر نہیں کرتا۔ ایسا بندہ اپنے قول وفعل، لین دین، محبت ونفرت بلکہ زندگی کے ہر ہر عمل میں اللہ پاک کی رضا کو پیشِ نظر رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔

ہمیں کیسے معلوم ہوگا کہ ہماری محبت اللہ پاک کے لیے ہے یا دنیا کے لیے؟ اس سلسلے میں امام غزالی رَحْمَۃُ اللہ عَلَیْہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص باورچی سے اس لیے محبّت کرے کہ اس سے اچھا کھانا پکوا کر غریبوں کو بانٹے تو یہ اللہ کے لیے محبّت ہے۔ اور اگر عالمِ دین سے اس لیے محبّت کرے کہ اس سے علمِ دین سیکھ کر دنیا کمائے تو یہ دنیا کے لیے محبّت ہے۔ (اشعۃ اللمعات، 67/1)

2 'بُغض' اللہ کے لیے ہو ناپسندیدگی اور بغض کا ایک معیار وہ ہے جو ہر کسی نے اپنے حساب سے مقرر کر رکھا ہے۔ اس میں بہت ساری ایسی غلطیاں ہیں جو دنیا و آخرت دونوں کی تباہی و بربادی کا سبب بنتی ہیں۔ لیکن ایک وہ معیارِ ناپسندیدگی ہے جسے اللہ پاک نے مقرر فرمایا ہے۔ اِسے اختیار کرنے کے بعد بندہ کسی بھی چیز، فعل یا فرد کو اسی لیے ناپسند کرتا ہے کہ وہ اللہ کو ناپسند ہے، یوں بندہ انانیت جیسی خامیوں کو پسِ پشت ڈال دیتا ہے۔

3,4 'عطا کرنا اور نہ کرنا' اللہ پاک کے لیے ہو: کسی بھی 'عطا' سے ہماری لالچ یا محض ذاتی فائدہ وابستہ ہو تو اُس کے نتائج بھی خراب نکلتے ہیں جب کہ یہی کام اگر اللہ پاک کی رضا کے لیے ہو تو ہمدردی اور خیرخواہی جیسے خوب صورت جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ کسی کو حقارت یا ذاتی رنجش کی وجہ سے نہ دینا بھی بہت بُری بات ہے، اس سے ہمیں بچنا چاہیے۔ مذکورہ تفصیل سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حدیث میں بیان کردہ یہ چاروں صفات اپنا کر ہم اپنا ایمان بھی کامل کر سکتے ہیں اور ظاہر و باطن کو بھی سنوار سکتے ہیں۔ نیز یہ مبارک فرمان ہماری نیت و ارادے کی درستی کا بھی بہت بڑا سبب ہے اور اقوال و اعمال سنوارنے کا بھی بہترین ذریعہ ہے۔ آیئے! ہم محبت و نفرت اور نوازنے اور نوازشات روکنے کے نبوی اصول اپناتے ہیں اور کامل ایمان کی برکتوں سے مالا مال ہو کر انفرادی و اجتماعی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کرتے ہیں۔

تکلیف نہ دیں

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾

ترجمۂ کنز العرفان: اور جو ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بغیر کچھ کئے ستاتے ہیں تو انہوں نے بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اُٹھالیا ہے۔ (پ22، الاحزاب:58)

شانِ نزول: یہ آیت اُن منافقوں کے بارے میں نازل ہوئی، جو حضرت علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو ایذا دیتے اور اُن کی بے ادبی کرتے تھے۔ جب کہ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے تُہمت لگاکر حضرت عائشہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا کو تکلیف پہنچائی۔ لیکن یہاں تفسیر کا ایک اصول یاد رکھیں کہ آیات کا شانِ نزول اگرچہ خاص ہو لیکن اس کا حکم عام ہوتا ہے۔ اس اصول سے آیت کا عام معنیٰ یہ ہوا کہ جو لوگ کسی مسلمان کو بلا وجہِ شرعی تکلیف پہنچاتے ہیں، وہ بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اٹھاتے اور اس کی سزا کے حق دار بنتے ہیں۔

حقیقی اسلامی معاشرہ وہی ہے، جس میں لوگ ایک دوسرے کی راحت و آرام کا خیال رکھیں، مشکل وقت میں دوسروں کے کام آئیں، کسی کو تکلیف نہ

دیں اور اپنے باہمی تعلّقات ملنساری، حُسنِ اَخلاق اور خیر خواہی پر اُستُوار کریں۔
اسلام اِنہی چیزوں کا درس دیتا ہے اور مُعاشرے میں نرمی، مَحبّت، شفقت اور ہمدردی کے جذبات پروان چڑھاتا اور معاشرے کو نقصان پہنچانے والے اُمور مثلاً بے جا شدّت اور ایذا رسانی سے منع کرتا ہے۔ آپس میں اچّھے تعلّقات اور صُلح صفائی سے زندگی گزارنا اِسلام کے بنیادی مقاصد میں سے ہے۔ جب کہ یہ بات واضح ہے کہ لوگوں کے حُقوق ضائع کرکے اور انہیں تکلیف پہنچا کر کبھی اچھے تعلقات قائم نہیں کئے جا سکتے۔ آیت میں اِسی حوالے سے ایک اَہم اُصول دیا گیا ہے اور یہی اِسلامی تعلیمات کا لُبِّ لُباب ہے کہ دوسروں کو بلا وجہ تکلیف نہ دو۔

حدیثِ مبارک میں ارشاد فرمایا: ”تم لوگوں کو (اپنے) شر سے بچا رکھو، یہ ایک صدقہ ہے جو تم اپنے نفس پر کرو گے۔“ (بخاری، 150/2، حدیث: 2518)
ایک دوسری روایت میں ہے کہ سرکارِ دو عالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُم سے سوال کیا: کیا تم جانتے ہو کہ مسلمان کون ہے؟ انھوں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم زیادہ جانتے ہیں۔ ارشاد فرمایا: ”مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے (دوسرے) مسلمان محفوظ رہیں۔“ ارشاد فرمایا: تم جانتے ہو کہ مومن کون ہے؟ صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم نے عرض کی: اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم زیادہ جانتے ہیں۔ ارشاد فرمایا:

"مومن وہ ہے جس سے ایمان والے اپنی جانیں اور اموال محفوظ سمجھیں۔"
(مسند احمد، 2/654، حدیث: 6942)

اوپر بیان کردہ احادیث کی مزید تفصیل نبی کریم صَلَّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے ایک اور فرمان میں موجود ہے، چناں چہ ارشاد فرمایا: "ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، گاہک کو دھو دینے اور قیمت بڑھانے کے لیے دکان دار کے ساتھ مل کر جھوٹی بولی نہ لگاؤ، ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو، ایک دوسرے سے منہ نہ پھیرو، کسی کے سودے پر سودا نہ کرو، اور اے اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ۔ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اُس پر ظلم کرے، نہ اُس پر ظلم کرے، نہ اُسے ذلیل و رُسوا کرے اور نہ ہی حقیر جانے۔ (پھر) آپ صَلَّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اپنے سینے کی طرف اشارہ کر کے تین بار فرمایا: تقویٰ یہاں ہے، اور (مزید یہ کہ) کسی شخص کے بُرا ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو بُرا جانے۔ ایک مسلمان، دوسرے مسلمان پر پورا پورا احرام ہے، اس کا خون، اس کا مال اور اس کی عزت۔
(مسلم، ص 1064، حدیث: 6541)

یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

آیت و احادیث کی روشنی میں یہ حکم روزِ روشن کی طرح واضح طور پر معلوم ہو جاتا ہے کہ دوسروں کو تکلیف دینا، قبیح جرم اور کبیرہ گناہ ہے۔ لیکن ہمارے معاشرے میں اِسلام کا یہ خوب صورت حکم جس طرح پسِ پُشت ڈالا گیا ہے وہ

شرمناک حد تک قابلِ افسوس ہے، مثلاً: شادی بیاہ کی تقریبات میں ساری رات شور شرابا اور غل غپاڑا کیا جاتا ہے۔ اونچی آواز میں میوزک بجا کر اور آتش بازی کر کے اہلِ محلّہ بیماروں، بوڑھوں، بچوں اور صبح جلد کام پر جانے والوں کو رات بھر سخت تکلیف پہنچائی جاتی ہے۔ عید، یومِ آزادی اور سال کی پہلی رات سائلنسر نکال کر موٹر سائیکلوں کے شور سے لوگوں کو پریشان کیا جاتا ہے۔ گلی محلوں میں اور سڑکوں پر کرکٹ، فٹ بال وغیرہ کھیلنا اور خاص طور پر رمضان کی راتوں میں شب بھر ایسا کرنا اور اِس دوران شور مچا کر تکلیف میں ڈالنا عام ہے۔ روزہ مرہ کی زندگی میں غلط جگہ پارکنگ، گلیوں میں ملبا، کچرا اور غلاظت ڈال کر دوسروں کو اذیت دینا معمول ہے۔ مختلف مذہبی وغیر مذہبی تقریبات کیلئے نہایت مصروف گلیاں بند کر کے گزرنے والوں کو پریشان کرنا بھی زندگی کا ایک لازِمی حصہ ہے۔

خصوصاً پڑوسیوں کو تکلیف پہنچانا تو شاید برائی ہی نہیں سمجھا جاتا۔ بلکہ بعض پڑوسی تو اِس بات پر ناراض ہوتے ہیں کہ آپ نے ہمیں کیوں کہا کہ ہم آپ کو تکلیف نہ دیں۔ اللہ اکبر! اچھے خاصے دین دار لوگ، پڑوسیوں کے حقوق کے حوالے سے بے پروا ہیں، اور دین سے دُور لوگوں کا تو پوچھنا ہی کیا! گھروں میں اونچی آواز سے بولنا، بلند آواز سے ٹی وی چلانا، آدھی رات کو کسی کے گھر کے سامنے جمع ہو کر شور کرنا، رات گئے گھر کا سامان گھسیٹنا، شور پیدا کرنے

والے آلات مثلاً ڈرِل مشین وغیرہ استعمال کرنا، آدھی رات کو مسالا پیسنے کے شور سے دوسروں کی نیند خراب کرنا، عام سی باتیں ہیں۔ یونہی رات کو پڑوسی صاحب اپنے گھر آئیں تو شور مچاتے، پاؤں گھسیٹتے یا زور زور سے زمین پر مارتے، بلند آواز سے فون پر باتیں کرتے ہوئے آئیں گے، اور گھر کا دروازہ زور زور سے بجائیں گے۔ یہ چند ایک مثالیں ہیں ورنہ پڑوسیوں کو تکلیف پہنچانے کی کوئی حد نہیں۔ حالاں کہ پڑوسیوں کے حقوق کی ادائیگی اِس قدر اہم ہے کہ ایک مرتبہ نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ نے صحابۂ کرام سے ارشاد فرمایا: خدا کی قسم! وہ شخص مومن نہیں۔ صحابۂ کرام نے پوچھا: یا رسول اللہ! کون؟ فرمایا: جس کی آفتوں سے اس کے پڑوسی محفوظ نہ ہوں۔ (یعنی جو شخص اپنے پڑوسیوں کو تکلیفیں دیتا ہو) (بخاری، 104/4، حدیث: 6016)

کیا ہم مومن ہیں؟ غور کرلیں۔ اے اللہ! ہمارے دلوں میں رحم ڈال کہ ہم دوسروں کو تکلیف نہ پہنچائیں۔

وضو سے گناہ جھڑتے ہیں: فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

جب آدمی وضو کرتا ہے تو ہاتھ دھونے سے ہاتھوں کے اور چہرہ دھونے سے چہرے کے اور سر کا مسح کرنے سے سر کے اور پاؤں دھونے سے پاؤں کے گناہ جھڑتے ہیں۔ (المسند للامام احمد بن حنبل، الحدیث: ۴۱۵، ج۱، ص۱۳۰ ملتقطاً)

2023 JAN جنوری

حضرت شیخ خواجہ سید محمد معین الدین چشتی

JAN	جنوری	ہجری ۱۴۴۴ جمادی الآخرۃ	فصلی ۱۴۳۰	بنگلہ ۱۴۲۹	شک ۱۹۴۴	سمبت بکرمی ۲۰۷۹	سعد و نحس بعقائد شیعی	قیام قمر در برج	1 نچھتر	اوقات بجستہ کولکاتا طلوع AM	غروب PM	
1	اتوار	۸	۲۴	۱۶	۱۱	۱۰	سعد	حمل	اشونی	۶:۱۶	۵:۰۸	وِصال: چشمہ شاہ نبی ہٹی کولکاتا، مخدوم الفقیہ علی ماہمی قطب کوکن ممبئی
2	پیر	۹	۲۵	۱۷	۱۲	۱۱	سعد	حمل	بھرنی	۱۶	۸	عُرس: خواجہ نجیب الدین ترک پانی پتی، حضرت احسان علی الہ آباد
3	منگل	۱۰	۲۶	۱۸	۱۳	۱۲	نحس	ثور	کرتیکہ	۱۷	۹	وِصال: حضرت خواجہ محمد بابا سماسی، عبدالقادر شاہ ولی ناگور تمل ناڈو
4	بدھ	۱۱	۲۷	۱۹	۱۴	۱۳	سعد	ثور	روہنی	۱۷	۱۰	عُرس: عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ، مکہ، سید آل مصطفیٰ مارہروی مارہرہ
5	جمعرات	۱۲	۲۸	۲۰	۱۵	۱۴	نحس	جوزا	مرگ شرش	۱۸	۱۱	عُرس: بابا مطیع الدین پسیلی، سیوان، بہار — نیا سال
6	جمعہ	۱۳	۲۹	۲۱	۱۶	۱۵ پ	سعد	جوزا	آدرا	۱۸	۱۱	
7	سنیچر	۱۴	۱	۲۲	۱۷	۱	سعد	جوزا	پونرسو	۱۸	۱۲	
8	اتوار	۱۵	۲	۲۳	۱۸	۱	نحس	سرطان	پشیے	۱۸	۱۲	عُرس: مخدوم شیخ احمد عبدالحق، ردولی، زوجہ مفتی اعظم ہند، بریلی
9	پیر	۱۶	۳	۲۴	۱۹	۲	سعد	سرطان	آشلیش	۱۸	۱۳	عُرس: حافظ بخاری، پھپھوند، حاجی علی بخاری ممبئی، سید شاہ عالم احمد آباد
10	منگل	۱۷	۴	۲۵	۲۰	۳	نحس	سرطان	آشلیش	۱۸	۱۴	عُرس: حضرت سعد الدین، کاشغر، چین
11	بدھ	۱۸	۵	۲۶	۲۱	۴	سعد	اسد	مگھا	۱۹	۱۵	عُرس: حضرت مولانا ولی الرحمن پوکھریرا
12	جمعرات	۱۹	۶	۲۷	۲۲	۵	سعد	اسد	پُروپھالگنی	۱۹	۱۵	وِصال: حضرت مولانا ظفر الدین بہاری — 12 ویویکانند جینتی (WB)
13	جمعہ	۲۰	۷	۲۸	۲۳	۶	سعد	سنبلہ	اُتراپھالگنی	۱۹	۱۶	وِلادت: حضرت سیدہ فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا
14	سنیچر	۲۱	۸	۲۹	۲۴	۷	سعد	سنبلہ	ہست	۱۹	۱۷	15 مکر شنکرانتی پونگال (TN) Sun New Year
15	اتوار	۲۲	۹	۱	۲۵	۸	سعد	میزان	چترا	۱۹	۱۸	وِصال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
16	پیر	۲۳	۱۰	۲	۲۶	۹	سعد	میزان	سواتی	۱۹	۱۸	خلافت: حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ، مکہ، حضرت عبدالقدوس گنگوہی
17	منگل	۲۴	۱۱	۳	۲۷	۱۰	نحس	میزان	وشاکھا	۱۹	۱۹	عُرس: تاج العلماء سید اولاد رسول محمد میاں مارہرہ
18	بدھ	۲۵	۱۲	۴	۲۸	۱۱	نحس	عقرب	انورادھا	۱۹	۲۰	عُرس: حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ دہلی، مبارک حسین چھچھو
19	جمعرات	۲۶	۱۳	۵	۲۹	۱۲	نحس	عقرب	جیوشٹھا	۱۹	۲۱	وِصال: عبدالواحد تمیمی رحمۃ اللہ علیہ بغداد، مولانا فخر الدین دہلوی علیہ الرحمہ
20	جمعہ	۲۷	۱۴	۶	۳۰	۱۳/۱۴	سعد	قوس	مول	۱۹	۲۱	عُرس: خواجہ محمد سعید ابن مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ سرہند پنجاب
21	سنیچر	۲۸	۱۵	۷	۱	۳۰	سعد	قوس	پُرواشاڑھ	۱۸	۲۲	عُرس: سید شاہ چاند حسینی گوگی شریف، حضرت غلام غوث [illegible]
22	اتوار	۲۹	۱۶	۸	۲	۱	نحس	جدی	شرون	۱۸	۲۲	23 نیتاجی جینتی (WB) 26 یوم جمہوریہ
23	پیر	۳۰	۱۷	۹	۳	۲	سعد	جدی	دھنشٹہ	۱۸	۲۳	رجب المرجب کا چاند دیکھیں
24	منگل	۱	۱۸	۱۰	۴	۳	نحس	دلو	ستبھیشہ	۱۸	۲۴	عُرس: حضرت علاء الحق پنڈوی، مالدہ
25	بدھ	۲	۱۹	۱۱	۵	۴	نحس	دلو	پُروبھادرا	۱۸	۲۵	عُرس: حضرت صوفی سعید بریزوردس، ڈربن، جنوبی افریقہ
26	جمعرات	۳	۲۰	۱۲	۶	۵	سعد	حوت	اُترابھادرا	۱۸	۲۵	عُرس: حضرت مخدوم شاہ ایوب ابدالی، اویس قرنی رضی اللہ عنہ، حلب شام
27	جمعہ	۴	۲۱	۱۳	۷	۶	نحس	حوت	ریوتی	۱۷	۲۶	وِصال: حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہ مصر
28	سنیچر	۵	۲۲	۱۴	۸	۷	نحس	حمل	اشونی	۱۷	۲۶	وِصال: امام کاظم رضی اللہ عنہ، خواجہ حسن بصری بصرہ عراق، عرس احمد حسین دھنباد
29	اتوار	۶	۲۳	۱۵	۹	۸	نحس	حمل	بھرنی	۱۷	۲۷	عُرس: حضرت شیخ خواجہ سید محمد معین الدین چشتی، اجمیر
30	پیر	۷	۲۴	۱۶	۱۰	۹	سعد	ثور	کرتیکہ	۱۷	۲۸	وِلادت: حضرت عباس رضی اللہ عنہ، کربلا عراق، شیخ ہدایت اللہ چشتی، گیا، بہار
31	منگل	۸	۲۵	۱۷	۱۱	۱۰	نحس	ثور	روہنی	۱۶	۲۹	عُرس: حضرت شاہ عبدالرب رحمۃ اللہ علیہ، کیرپ شریف

قمر در عقرب

فالنامہ

یہ فالنامہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے۔ اس فالنامہ سے بہت سے لوگوں نے فائدہ اٹھایا ہے آپ بھی اٹھا سکتے ہیں۔ یہ ایک حساب ہے ویسے غیب کا علم تو اللہ ہی کو ہے۔ اس فالنامہ کی اکثر باتیں درست پائی گئیں ہیں۔

طریقہ: فال دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پاک و صاف باوضو یکسانیت کے ساتھ درود شریف پڑھ کر کسی بھی ایک خانہ پر انگشت رکھو اور اسی نمبر کی کیفیت دیکھو

1 وقت سازگار رہنے والا ہے ہراساں نہ ہو جس کی مدد کے لئے تو آمادہ ہے اپنے ارادے سے باز آجا ورنہ بخت ترین مصیبت میں پڑ جائے گا۔

2 مالی فائدہ حاصل ہونے کی قوی امید ہے مقصد بھی حاصل ہوگا۔ گناہ سے دور رہو گناہ کا خیال بھی دل میں نہ لاؤ۔

3 تمہارے دماغ میں جو مقصد ہے اس میں کامیابی کے لیے کم از کم ساٹھ یوم درکار ہیں، ان شاء اللہ کامیابی حاصل ہو جائے گی۔

4 مالی مشکلات کے علاوہ جسمانی تکالیف مزید برداشت کرنا پڑیں گی۔ صدقات دو نماز کی پابندی کرو۔ یہ بہت ضروری ہے اللہ سے گڑگڑا کر دعا مانگو۔

5 اس وقت جو ایام گزر رہے ہیں یہ گردش لیل و نہار جلد ہی رخصت ہونے والے ہیں کچھ راہ خدا میں خرچ کر نمازوں سے غفلت نہ برت ورنہ زبردست آزمائش اور سزا کے لیے تیار ہو جا۔

6 کاروبار میں ترقی ہوگی کوشش کرتے رہو، فاسد اور بیہودہ خیالات دل سے فوراً نکال دو ورنہ تباہ ہو جاؤ گے۔

7 پورب کی طرف اختیار کرنے سے کامیابی کے امکانات ہیں لہذا پورب کی طرف جاؤ تجارت میں بھی اسی طرف فائدے کی صورتیں پیدا ہوگی۔

8 جس کام کی تجھے تمنا ہے اس میں کچھ عرصہ درکار ہے، کام تو ان شاء اللہ ہو جائے گا، اس لیے گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

9 قابل اور لائق استاد ڈھونڈو اور اس کے ساتھ ساتھ کچھ خرچ کرو تا کہ کام بنیں۔ اپنے دوست سے ہوشیار رہو۔

10 نحوست کا زمانہ اب ختم ہو چکا ہے، جس نے تمہیں اس اذیت میں مبتلا کیا تھا۔ وہ خود مبتلائے مصیبت ہوگا صدقہ و خیرات دو نماز پنجگانہ کی پابندی برابر کرتے رہو۔

11 اس چیز کا حاصل ہونا نہایت مشکل ہے۔ زیادہ سرمارا تو شدید نقصان کا اندیشہ ہے۔

12 یہ فال نیک ہے، دوست سے فائدہ پہنچے۔ دوست جتنے بنیں گے مصیبتیں اتنی ہی دور بھاگیں گی۔

واللہ اعلم

شبِ براءت کی فضائل اور معمولات

واضح ہو کہ شبِ برات یعنی ماہِ شعبان کی پندرہویں رات۔ بہت مُبارک ہے۔ اس کی فضیلت میں بہت سی حدیثیں آئی ہیں۔ اِس شبِ مبارک میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے لیے رزق تقسیم فرماتا ہے۔ اور پورے سال بھر میں ان سے سرزد ہونے والے نیک و بداعمال اور پیش آنے والے واقعات مثلاً لڑائی، زلزلے، موت وغیرہ دُکھ سُکھ سے اپنے فرشتوں کو واقف کرتا ہے۔

(۱) سیّدنا ابوبکر صدّیق رَضِیَ اللہُ تعالیٰ عَنۂ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صَلَّی اللہُ تعالیٰ عَلَیۡہِ وَسَلَّم نے فرمایا: شعبان کی پندرہویں (۱۵) رات کو قیام کرو کہ یقیناً یہ رات مبارک ہے۔ اللہ تعالیٰ اس رات فرماتا ہے: ہے کوئی جو بخشش چاہتا ہو مُجھ سے کہ میں بخش دوں اور تندرستی مانگے کہ تندرستی دوں، اور ہے کوئی محتاج کہ اسے آسودہ کروں چناں چہ صبح تک یہی ارشاد فرماتا رہتا ہے۔

(۲) رسول اللہ صَلَّی اللہُ تعالیٰ عَلَیۡہِ وَسَلَّم نے فرمایا: جو شخص دوزخ سے نجات چاہتا ہو اس کو چاہیے کہ وہ اللہ کی عبادت اس رات میں خوب کرے۔ اللہ تعالیٰ اس رات اپنے بندوں پر تین سو (۳۰۰) دروازے رحمت کے کھول دیتا ہے اور بخش دیتا ہے سب کو مگر مشرک، جادوگر، نجومی، بخیل، شرابی، کینہ پرور، سود خور اور زانی

14 SUNNI JANTRI

حضرت علی رضی اللہ عنہ

2023 FEB فروری

تاریخ	دن	ہجری ۱۴۴۴ رجب	فصلی ۱۴۳۰	بنگلہ ۱۴۲۹	شک ۱۹۴۴	بکرمی ۲۰۷۹	سعد و نحس بعقائد شیعی	قیام قمر در برج	نچھتر	طلوع AM	غروب PM	واقعات (اوقات بجستان گولکاتا)
1	بدھ	۹	۲۶	۱۸	۱۲	۱۱	نحس	ثور	مرگ شرش	۶:۱۵	۵:۲۹	عرس: خواجہ محمد معصوم دہلوی، حضرت شمس تبریز، سرکار کلاں، کچھوچھہ
2	جمعرات	۱۰	۲۷	۱۹	۱۳	۱۲	نحس	جوزا	آدرا	۱۵	۳۰	وصال: حضرت سلیمان فارسی عراق، حضرت خواجہ شریف زندانی
3	جمعہ	۱۱	۲۸	۲۰	۱۴	۱۳	نحس	جوزا	پونرسو	۱۵	۳۱	عرس: شاہ مخدوم محمد منعم رحمۃ اللہ علیہ پٹنہ، سید ابوالحسین احمد نوری رحمۃ اللہ علیہ مارہرہ
4	سنیچر	۱۲	۲۹	۲۱	۱۵	۱۴	سعد	سرطان	پونرسو	۱۵	۳۱	عرس: خواجہ محمد یار رحمۃ اللہ علیہ گڑھی، اعلیٰ حضرت شاہ علی حسین اشرفی میاں کچھوچھہ
5	اتوار	۱۳	۳۰	۲۲	۱۶	۱۵	نحس	سرطان	پشیے	۱۴	۳۲	ولادت: حضرت علی، حضرت سیدنا موسیٰ … بغداد (UP)
6	پیر	۱۴	۱	۲۳	۱۷	۱	نحس	سرطان	آشلیش	۱۴	۳۲	عرس: حضرت سید سالار مسعود غازی، بہرائچ
7	منگل	۱۵	۲	۲۴	۱۸	۲	نحس	اسد	مگھا	۱۳	۳۳	وصال: سیدنا امام جعفر صادق مدینہ، وفات سیدہ بی بی زینت
8	بدھ	۱۶	۳	۲۵	۱۹	۳	سعد	اسد	پوروا پھالگنی	۱۳	۳۳	وصال: سید محمد محدث اعظم ہند کچھوچھہ، حافظ محمد شعیب … مرون
9	جمعرات	۱۷	۴	۲۶	۲۰	۳	سعد	سنبلہ	اترا پھالگنی	۱۲	۳۴	عرس: سیدہ بی بی رقیہ بنت رسول ﷺ، بی بی سکینہ بنت حسین، امام حسن بصری عراق
10	جمعہ	۱۸	۵	۲۷	۲۱	۴	نحس	سنبلہ	ہست	۱۲	۳۵	
11	سنیچر	۱۹	۶	۲۸	۲۲	۵	نحس	سنبلہ	چترا	۱۱	۳۶	
12	اتوار	۲۰	۷	۲۹	۲۳	۶	نحس	میزان	سواتی ۱۵	۱۱	۳۶	عرس: ام المومنین بی بی زینت رضی اللہ عنہا، خواجہ علاؤالدین عطار
13	پیر	۲۱	۸	۳۰	۲۴	۷	سعد	میزان	وشاکھا	۱۰	۳۷	عرس: مولانا شفیع اوکاڑوی، پاکستان
14	منگل	۲۲	۹	۱	۲۵	۸	نحس	عقرب	انورادھا	۱۰	۳۷	امام جعفر صادق کونڈے کا نیاز، قاضی ضیاء الدین نیوتنی، حضرت امیر معاویہ
15	بدھ	۲۳	۱۰	۲	۲۶	۹/۱۰	نحس	عقرب	جیوشٹھا	۹	۳۸	عرس: حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ
16	جمعرات	۲۴	۱۱	۳	۲۷	۱۱	نحس	قوس	مول	۸	۳۸	عرس: حضرت علی شیر خدا علیہ السلام فاتح خیبر
17	جمعہ	۲۵	۱۲	۴	۲۸	۱۲	سعد	قوس	پوروا اشاڑھ	۷	۳۹	عرس: حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی، حضرت امام موسیٰ کاظم … بغداد
18	سنیچر	۲۶	۱۳	۵	۲۹	۱۳	سعد	جدی	اترا اشاڑھ	۷	۳۹	شب معراج (رجبی شریف) چادر والے بابا … بنگلور، شاہجہاں بادشاہ
19	اتوار	۲۷	۱۴	۶	۳۰	۱۴	نحس	جدی	شرون	۶	۴۰	عرس: شیخ جنید بغدادی، امام ابو یوسف کوفی، خواجہ یوسف ہمدانی ترکستان
20	پیر	۲۸	۱۵	۷	۱	۳۰	سعد	دلو	دھنشٹہ	۵	۴۰	عرس: فضیلت حسین دھنگہ …
21	منگل	۲۹	۱۶	۸	۲	۱/۲	نحس	دلو	ستبھیسہ	۴	۴۱	شعبان المعظم — ۲۹ امام محمد بن ادریس شافعی، خواجہ محمد عبداللہ بھرچونڈی
22	بدھ	۱	۱۷	۹	۳	۳	نحس	حوت	اترا بھادرا	۴	۴۱	عرس: نائب مجاہد ملت مرادآباد — ۲۰ پارسی نیا سال
23	جمعرات	۲	۱۸	۱۰	۴	۴	سعد	حوت	ریوتی ۲۷	۳	۴۲	عرس: حضرت سیدنا امام اعظم ابو حنیفہ، بغداد
24	جمعہ	۳	۱۹	۱۱	۵	۵	نحس	حمل	اشونی	۲	۴۲	ولادت: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ، حضرت شیخ ابوالفرح طرطوسی
25	سنیچر	۴	۲۰	۱۲	۶	۶	نحس	حمل	بھرنی	۱	۴۳	حضرت سیدنا امام حسین مکہ سے مدینہ روانہ
26	اتوار	۵	۲۱	۱۳	۷	۷	نحس	حمل	کرتیکہ	۱	۴۳	وصال: حضرت خواجہ فخرالدین عبدالخیر … سور شریف
27	پیر	۶	۲۲	۱۴	۸	۸	سعد	ثور	روہنی	۱	۴۴	عرس: سیدہ بی بی ام کلثوم بنت رسول اللہ ﷺ، سید شاہ میر محمد کالپی شریف یوپی
28	منگل	۷	۲۳	۱۵	۹	۹	نحس	ثور	روہنی	۶:۰۰	۶:۴۴	عرس: شیخ ابوسعید مخزومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، علامہ عبدالغفور ہزاروی

اے اللہ! تیری اور تیرے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت سب کی محبت سے زیادہ کر دے۔ اے اللہ! ہم کو ہماری اولاد کو صالح بنا۔

اے اللہ! مالی جسمانی اور بڑھاپے کی کمزوری سے تیری مخلوق کا محتاج نہ بنا۔ اے اللہ! دنیا و آخرت کی بھلائی نصیب فرما۔

کو نہیں بخشتا جب تک کہ سچّی توبہ نہ کرے۔

۳ بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ اس شب عبادت کی نیّت سے غسل کر کے ۲ دو رکعت نفل تحیّۃ الوضو پڑھیں، ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار اور سورۂ اخلاص ۳ بار پڑھیں اور مغرب کے وقت ہی سے عبادت میں مشغول ہو جائیں تا کہ نامۂ اعمال کی ابتداء بہتر ہو۔

۴ غروبِ آفتاب سے پہلے ۴۰ بار پڑھیں:

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

۵ نمازِ مغرب کے بعد آگے لکھے ہوئے ۶ نفل اور سورۂ یٰس و دعائے نصف شعبان پڑھیں۔

۶ شب میں قرآن شریف، دُرود شریف، صلوٰۃ التسبیح کے علاوہ نوافل بھی پڑھیں

۷ پندرہ ۱۵ تاریخ کو روزہ رکھیں اور چودہ ۱۴ تاریخ کو بھی روزہ رکھیں۔ ۸ نوافل کے بجائے اپنے ذمے جو نمازیں قضا ہیں، انھیں ادا کرنا ضروری ہے۔ جس کے ذمے قضا نمازیں ہوں، ان کے نوافل قبول نہیں ہوتے۔

شَب بَراءت کی دُعَا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا

اَللّٰھُمَّ یَا ذَا الْمَنِّ وَلَا یُمَنُّ عَلَیْهِ ؕ یَا ذَا الْجَلَالِ

وَالْاِکْرَامِ ط یَا ذَا الطَّوْلِ وَالْاِنْعَامِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ
ظَهْرَ اللَّاجِیْنَ ط وَجَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ ط وَ اَمَانَ
الْخَائِفِیْنَ ط اَللّٰهُمَّ اِنْ کُنْتَ کَتَبْتَنِیْ عِنْدَکَ فِیْٓ
اُمِّ الْکِتَابِ شَقِیًّا اَوْ مَحْرُوْمًا اَوْ مَطْرُوْدًا اَوْ مُقَتَّرًا
عَلَیَّ فِی الرِّزْقِ فَامْحُ ط اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِکَ شَقَاوَتِیْ
وَحِرْمَانِیْ وَطَرْدِیْ وَ اقْتِتَارَ رِزْقِیْ ط وَاَثْبِتْنِیْ
عِنْدَکَ فِیْٓ اُمِّ الْکِتٰبِ سَعِیْدًا مَّرْزُوْقًا مُّوَفَّقًا
لِّلْخَیْرَاتِ ط فَاِنَّکَ قُلْتَ وَقَوْلُکَ الْحَقُّ ط فِیْ
کِتَابِکَ الْمُنَزَّلِ ط عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّکَ الْمُرْسَلِ ط
یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ صلے ج وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ
الْکِتٰبِ ط اِلٰهِیْ بِالتَّجَلِّی الْاَعْظَمِ ط فِیْ لَیْلَةِ
النِّصْفِ مِنْ شَهْرِ شَعْبَانَ الْمُکَرَّمِ ط اَلَّتِیْ یُفْرَقُ

فِيْهَا كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ وَّ يُبْرَمُ اَنْ تَكْشِفَ عَنَّا
مِنَ الْبَلَآءِ وَ الْبَلْوَآءِ مَا نَعْلَمُ وَمَا لَا نَعْلَمُ
وَ اَنْتَ بِهٖ اَعْلَمُ ط اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ ط
وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ط وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

ترجمہ اے میرے اللہ! تو ہی سب پر احسان کرنے والا ہے اور تجھ پر کوئی احسان نہیں کرسکتا۔ اے بزرگی اور مہربانی کرنے والے اور اے بخشش کا انعام کرنے والے تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے گرتوں کے تھامنے والے، بے پناہوں کو پناہ دینے والے اور پریشان حالوں کے سہارا۔ اے اللہ! اگر تو نے مجھے اپنے پاس ام الکتاب میں بھٹکا ہوا یا محروم یا کم نصیب لکھ دیا ہے۔

تو اے اللہ! اپنے فضل سے میری خواری، بدبختی، راندگی اور روزی کی کمی کو مٹادے اور اپنے پاس ام الکتاب میں مجھے خوش نصیب وسیع الرزق اور نیک لکھ دے، بے شک تیرا یہ کہنا جو تیری کتاب میں ہے اور جو تیرے نبی مرسل صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے ذریعے ہمیں پہنچی ہے سچ ہے کہ اللہ جو چاہتا ہے بنادیتا ہے اور اسی کے پاس

ام الکتاب ہے۔ اے خدا! تجلی اعظم کا صدقہ اس نصف شعبان مکرم کی رات میں جس میں تمام چیزوں کی تقسیم ونفاذ ہوتا ہے۔ میری بلاؤں کو دور کر خواہ میں ان کو جانتا ہوں یا نہ جانتا ہوں اور جن سے تو واقف ہے۔ بے شک تو ہی سب سے برتر اور بڑھ کر احسان کرنے والا ہے۔ اللہ کی رحمت وسلامتی ہو ہمارے سردار محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ پر اور ان کی آل اولاد اور صحابہ پر۔ آمین

نمازِ تراویح کی دو رکعت کی نیت

نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى رَكْعَتَيْ صَلٰوةِ التَّرَاوِيْحِ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَةِ الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

(یعنی نِیَّت کی میں نے دو رکعت نمازِ تراویح کی، واسطے اَللّٰہ تَعَالٰی کے، سُنّت رسولِ پاک کی، مُنھ میرا کعبہ شریف کی طرف اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔)

۱ جس نے عشا کی فرض نماز نہیں پڑھی وہ نہ تراویح پڑھ سکتا ہے نہ وتر جب تک فرض نہ ادا کرلے۔

(ردالمحتار ج ۱ ص ۴۷۹)

۲ جس نے عشا کی فرض نماز تنہا پڑھی اور تراویح جماعت سے تو وہ وتر تنہا پڑھے۔

۳ بلا کسی عذر کے بیٹھ کر تراویح پڑھنا مکروہ ہے، بلکہ بعض فقہا کے نزدیک تو ہوگی ہی نہیں۔

(درمختار ج ۱ ص ۴۷۵)

2023 MARCH مارچ

تاریخ	دن	ہجری ۱۴۴۴ شعبان / رمضان	فصلی ۱۴۳۰ پھاگن / چیت	بنگلہ ۱۴۲۹ پھاگن / چیت	شک ۱۹۴۴ پھاگن / چیت	بکرمی ۲۰۷۹ پھاگن / چیت	سعد و نحس بعقائد شیعی	قیام قمر در برج	3 نچھتر	طلوع AM	غروب PM	اوقات بحساب کولکاتا
1	بدھ	۸	۲۴	۱۶	۱۰	۹	سعد	جوزا	مرگ شرش	۵ ۵۹	۵ ۴۵	ولادت: حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بغداد شریف
2	جمعرات	۹	۲۵	۱۷	۱۱	۱۰	نحس	جوزا	آدرا	۵۸	۴۵	عرس: یاغوث علی شاہ بابا چیروان شریف (۹، ۱۰، ۱۱)
3	جمعہ	۱۰	۲۶	۱۸	۱۲	۱۱	نحس	جوزا	پونرسو	۵۷	۴۶	عرس: حضرت محمد عبدالسلام قادری، داراپٹی، مظفرپور
4	سنیچر	۱۱	۲۷	۱۹	۱۳	۱۲	سعد	سرطان	پشیے	۵۶	۴۶	عرس: حضرت خواجہ قطب جمال ہانسوی رحمۃ اللہ علیہ
5	اتوار	۱۲	۲۸	۲۰	۱۴	۱۳	نحس	سرطان	آشلیش	۵۵	۴۶	شہادت: محمد بن قاسم، مصر — عرس: بابا حسن رضا شاہ وارثی، ۲ نمبر گوبرا، کولکاتا
6	پیر	۱۳	۲۹	۲۱	۱۵	۱۴	نحس	اسد	مگھا	۵۴	۴۶	عرس: خواجہ کریم الدین شاہ، بارکپور — 7-8 ہولی
7	منگل	۱۴	۳۰	۲۲	۱۶	۱۵	نحس	اسد	پُروپھاگنی	۵۳	۴۷	شب برات — عرس: حضرت مفتی محمد مظہر اللہ، مسجد فتحپوری، دہلی
8	بدھ	۱۵	۱	۲۳	۱۷	۱	سعد	اسد	اُترا پھاگنی	۵۲	۴۷	عرس: حضرت بایزید بسطامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ایران
9	جمعرات	۱۶	۲	۲۴	۱۸	۲	نحس	سنبلہ	ہست	۵۱	۴۸	عرس: حضرت پیر سید جماعت علی شاہ، مولانا حنیف قادری [illegible]
10	جمعہ	۱۷	۳	۲۵	۱۹	۳	نحس	سنبلہ	چترا	۵۰	۴۸	
11	سنیچر	۱۸	۴	۲۶	۲۰	۴	نحس	میزان	چترا	۴۹	۴۹	عرس: حضرت سیدنا لعل شہباز قلندر علیہ الرحمہ
12	اتوار	۱۹	۵	۲۷	۲۱	۵	سعد	میزان	سواتی	۴۸	۴۹	عرس: حضرت مولوی الحاج محمد اعجاز حسین قادری اعظمی
13	پیر	۲۰	۶	۲۸	۲۲	۶	نحس	عقرب	وشاکھا	۴۷	۵۰	عرس: شاہ ہادی اشرف بیتھو شریف گیا
14	منگل	۲۱	۷	۲۹	۲۳	۷	نحس	عقرب	انورادھا	۴۷	۵۰	عرس: سید رسول نما بنارسی
15	بدھ	۲۲	۸	۳۰	۲۴	۸	نحس	عقرب	جیوشٹھا	۴۶	۵۰	عرس: حضرت خواجہ محمد اسحاق، مفتی اعظم اڑیسہ
16	جمعرات	۲۳	۹	۱	۲۵	۹	سعد	قوس	پُرواشاڑھ	۴۵	۵۰	روزہ کی نیت
17	جمعہ	۲۴	۱۰	۲	۲۶	۱۰	نحس	قوس	اُترا اشاڑھ	۴۴	۵۱	نَوَیْتُ اَنْ اَصُوْمَ غَدًا لِلّٰہِ تَعَالٰی
18	سنیچر	۲۵	۱۱	۳	۲۷	۱۱	سعد	جدی	شرون	۴۳	۵۱	مِنْ فَرْضِ رَمَضَانَ ہٰذَا
19	اتوار	۲۶	۱۲	۴	۲۸	۱۲/۱۳	نحس	جدی	دھنشٹھ	۴۲	۵۲	افطار کی دعا: اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ
20	پیر	۲۷	۱۳	۵	۲۹	۱۴	نحس	دلو	ستبھیسہ	۴۱	۵۲	
21	منگل	۲۸	۱۴	۶	۳۰	۳۰	سعد	دلو	پُروبھادرا	۴۰	۵۳	وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ
22	بدھ	۲۹	۱۵	۷	۱	۱	سعد	حوت	اُترا بھادرا	۳۹	۵۳	رمضان المبارک کا چاند دیکھیں
23	جمعرات	۱	۱۶	۸	۲	۲	سعد	حوت	ریوتی	۳۸	۵۳	ولادت: حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ
24	جمعہ	۲	۱۷	۹	۳	۳	نحس	حمل	اشونی	۳۷	۵۴	عرس: حضرت مفتی احمد یار خان رضی اللہ تعالیٰ عنہ
25	سنیچر	۳	۱۸	۱۰	۴	۴	نحس	حمل	بھرنی	۳۶	۵۴	وصال: حضرت سیدتنا فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا، مدینہ
26	اتوار	۴	۱۹	۱۱	۵	۵	سعد	ثور	کرتیکہ	۳۵	۵۵	
27	پیر	۵	۲۰	۱۲	۶	۶	سعد	ثور	روہنی	۳۴	۵۵	
28	منگل	۶	۲۱	۱۳	۷	۷	نحس	جوزا	مرگ شرش	۳۳	۵۵	
29	بدھ	۷	۲۲	۱۴	۸	۸	نحس	جوزا	آدرا	۳۲	۵۵	عرس: ابوالبرکات [illegible] مولانا عابد الدین قادری
30	جمعرات	۸	۲۳	۱۵	۹	۹	سعد	جوزا	پونرسو	۳۱	۵۵	رام نومی
31	جمعہ	۹	۲۴	۱۶	۱۰	۱۰	نحس	سرطان		۳۰	۵۶	عرس: حضرت عبداللہ ابن مسعود، مکہ

قمر در عقرب

تراویح کا بیان

مسئلہ مرد و عورت سب کے لیے تراویح سُنّت مؤکدہ ہے۔ اس کا چھوڑنا جائز نہیں۔ عورتیں گھروں میں اکیلی اکیلی تراویح پڑھیں مسجدوں میں نہ جائیں۔ تراویح بیس ۲۰ رکعتیں، دس ۱۰ سلام سے پڑھی جائیں۔ یعنی ہر دو رکعت پر سلام پھیرے اور ہر چار رکعت پر اتنی دیر بیٹھنا مستحب ہے۔ جتنی دیر میں چار رکعتیں پڑھی ہیں اور اختیار ہے کہ اتنی دیر چاہے چپ بیٹھا رہے چاہے کلمہ یا درود شریف پڑھتا رہے۔ (درمختار، ج ۱، ص ۴۷۴)

عام طور سے یہ **دُعائے تراویح** پڑھی جاتی ہے:

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ ط سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ ط سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ط اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ ط بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

اپریل فول (April fool)

بعض نادان لوگ یکم (1st) اپریل کو اللہ پاک اور اس کے پیارے آخری نبی محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی کرتے ہوئے اپنے رشتے داروں اور دوستوں کو جھوٹ بول کر، مذاق کر کے، دھوکا دے کر اپریل فول مناتے ہیں جس سے وہ پریشانی اور تشویش میں مبتلا ہو جاتے ہیں بلکہ بسا اوقات یہ جان لیوا بھی ثابت ہوتا ہے۔ ایسا ہرگز نہیں کرنا چاہیے کہ جھوٹ بولنا اور کسی کے ساتھ ایسا مذاق کرنا جس سے اس کی دل آزاری ہو حرام اور جہنّم میں لے جانے والا کام ہے۔ اللہ پاک نے قرانِ کریم میں جھوٹ بولنے والوں پر لعنت فرمائی۔ (پ3، آلِ عمرٰن:61) اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو ایک دوسرے پر ہنسنے سے منع فرمایا ہے۔ (پ26، الحجرات:11) نیز احادیثِ مبارکہ میں بھی جھوٹ اور مذاق کی مذمت بیان فرمائی گئی ہے، چناں چہ فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم ہے: بندہ اس وقت تک کامل ایمان والا نہیں ہو سکتا جب تک مذاق میں بھی جھوٹ بولنا اور جھگڑنا نہ چھوڑ دے اگرچہ سچا ہو۔ (مسند احمد، 290/3، حدیث 8774)

اللہ کریم ہمیں ہمیشہ سچ بولنے اور جھوٹ سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین بِجاہِ النّبیِّ الْاَمین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

2023 APRIL اپریل

مشاہد بک ڈپو

www.mushahidbooks.com /mushahidbooks

تاریخ	دن	۱۴۴۴ ہجری رمضان	۱۴۳۰ فصلی چیت	۱۴۲۹ بنگلہ چیت	۱۹۴۵ شک چیت	۲۰۸۰ بکرمی چیت	سعد و نحس بعقائد شیعی	قیام قمر در برج	نچھتر	اوقات بحساب کولکاتا طلوع AM	غروب PM	واقعات
1	سنیچر	۱۰	۲۵	۱۷	۱۱	۱۱	سعد	سرطان	آشلیش	۵/۲۹	۵/۵۲	وصال: ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
2	اتوار	۱۱	۲۶	۱۸	۱۲	۱۲	نحس	اسد	مگھا	۲۸	۵۶	عرس: سید خواجہ نظام الدین شاہ، بارکپور
3	پیر	۱۲	۲۷	۱۹	۱۳	۱۲	نحس	اسد	مگھا	۲۷	۵۷	4 مہابیر جینتی
4	منگل	۱۳	۲۸	۲۰	۱۴	۱۳	نحس	اسد	پروپھالگنی	۲۷	۵۷	عرس: حضرت سیدنا امام سری سقطی علیہ الرحمہ، بغداد
5	بدھ	۱۴	۲۹	۲۱	۱۵	۱۴	سعد	سنبلہ	اترا پھالگنی	۲۶	۵۸	عرس: شمس الدین آل احمد، مارہرہ
6	جمعرات	۱۵	۳۰	۲۲	۱۶	۱۵ پ	نحس	سنبلہ	ہست	۲۵	۵۸	عرس: حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنت البقیع، شاہ رضا علی خان رحمۃ اللہ علیہ بریلی
7	جمعہ	۱۶	۱	۲۳	۱۷	۱	نحس	میزان	چترا	۲۴	۵۹	عرس: سید آل رسول محمد رحمۃ اللہ علیہ مارہرہ، لال بابا، یعقوب شاہ، کولکاتا
8	سنیچر	۱۷	۲	۲۴	۱۸	۲	سعد	میزان	سواتی (15)	۲۳	۵۹	عرس: ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، نصیر الدین چراغ دہلوی، یوم البدر
9	اتوار	۱۸	۳	۲۵	۱۹	۳	نحس	میزان	وشاکھا	۲۲	۵۹	عرس: ریحان رضا خان رحمانی میاں، بریلی، بہاء الدین نقشبندی بخاری، ازبکستان
10	پیر	۱۹	۴	۲۶	۲۰	۴	نحس	عقرب	انورادھا	۲۱	۵۹	عرس: الطاف الحق فردوسی، بستی پور — 14 امبیڈکر جینتی
11	منگل	۲۰	۵	۲۷	۲۱	۵	نحس	عقرب	جیوشٹھا	۲۰	۶/۰۰	عرس: خانقاہ سجادیہ داناپور، فتح مکہ
12	بدھ	۲۱	۶	۲۸	۲۲	۶/۷	سعد	قوس	مول	۱۹	۶/۰۰	شہادت: حضرت علی شاہ علی حسین، پٹنہ، شب قدر (پہلی رات)
13	جمعرات	۲۲	۷	۲۹	۲۳	۸	نحس	قوس	پرواشاڑھ	۱۸	۱	ولادت: مولانا حسن رضا خان، بریلی، عرس: امام ابن ماجہ، قصبین ایران
14	جمعہ	۲۳	۸	۳۰	۲۴	۹	نحس	جدی	اتراشاڑھ	۱۷	۱	عرس: سید شاہ بخاری، اڈیشا، شب قدر (دوسری رات)
15	سنیچر	۲۴	۹	۱	۲۵	۱۰	سعد	جدی	سرون	۱۶	۱	عرس: سلطان العارفین بدایوں شریف
16	اتوار	۲۵	۱۰	۲	۲۶	۱۱	نحس	دلو	ستبھیسہ	۱۶	۱	عرس: مولانا ہدایت رسول رحمۃ اللہ علیہ، شب قدر (تیسری رات)
17	پیر	۲۶	۱۱	۳	۲۷	۱۲	نحس	دلو	پروبھادرا	۱۵	۲	عرس: سید احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ، ملتان
18	منگل	۲۷	۱۲	۴	۲۸	۱۳	سعد	حوت	اترابھادرا	۱۴	۲	عرس: سلیم چشتی فتح پور سیکری، آگرہ، نزول قرآن، شب قدر (چوتھی)
19	بدھ	۲۸	۱۳	۵	۲۹	۱۴	نحس	حوت	ریوتی (27)	۱۳	۳	عرس: شیخ جمال الاولیاء رحمۃ اللہ علیہ رامپور — 15 بنگلہ نیا سال (WB)
20	جمعرات	۲۹	۱۴	۶	۳۰	۳۰	سعد	حمل	اشونی	۱۲	۳	سورج گرہن — 21 جمعۃ الوداع
21	جمعہ	۳۰	۱۵	۷	۱	۱	سعد	حمل	بھرنی	۱۱	۴	شوال المکرم کا چاند دیکھیں، شب قدر (پانچویں رات)
22	سنیچر	۱	۱۶	۸	۲	۲	سعد	ثور	کرتیکہ	۱۱	۴	عرس: امام محمد بن اسماعیل بخاری، ازبکستان — عید الفطر
23	اتوار	۲	۱۷	۹	۳	۳	سعد	ثور	روہنی	۱۰	۵	وصال: امیر النساء اشرفیہ، والدہ محمد شاہد حسین قادری
24	پیر	۳	۱۸	۱۰	۴	۴	نحس	ثور	مرگ شرش	۹	۵	عرس: صوفی الحاج اشفاق احمد حنفی، شاہ پور، جھارکھنڈ
25	منگل	۴	۱۹	۱۱	۵	۵	سعد	جوزا	آدرا	۸	۵	نکاح: حضرت سیدہ بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
26	بدھ	۵	۲۰	۱۲	۶	۶	نحس	جوزا	پونرسو	۸	۵	وصال: شیخ شرف الدین یحییٰ منیری، پٹنہ، سیدنا مخدوم بہاری علیہ الرحمہ
27	جمعرات	۶	۲۱	۱۳	۷	۷	سعد	سرطان	پونرسو	۷	۶	عرس: شیخ سید محمد عبد الرزاق گیلانی، عراق، خواجہ عثمان ہارونی، مکہ، جنگ احد
28	جمعہ	۷	۲۲	۱۴	۸	۸	نحس	سرطان	پشیے	۶	۶	عرس: شاہ عبد العزیز محدث دہلوی، دہلی، سیدنا اویس قرنی، جنگ حنین
29	سنیچر	۸	۲۳	۱۵	۹	۹	سعد	سرطان	آشلیش	۵	۷	جنت البقیع Demolition 1806 and 1925 (or 1926)
30	اتوار	۹	۲۴	۱۶	۱۰	۱۰	نحس	اسد	مگھا	۵	۷	
												عرس: حضرت امام بخاری بخارا

قمر در عقرب

اے اللہ! ہمیں، ہمارے والدین عزیز رشتہ داروں اور کل امت مسلمہ کو سکون و اطمینان کی دولت والی زندگی نصیب فرما۔ اے اللہ نزع کے وقت زبان سے کلمہ طیب جاری فرما۔

رمضان کی قدر کیجیے

ایک مسلمان کی زندگی میں ماہِ رمضانُ المبارک کا بہت اہم کردار ہے کہ جس طرح ایک بھٹی گندے لوہے کو صاف اور صاف لَوہے کو مشین کا پُرزہ بنا کر قیمتی کر دیتی ہے اور سونے کو زیور بنا کر اِستعمال کے لائق کر دیتی ہے، ایسے ہی ماہِ رمضان گنہگاروں کو پاک کرتا اور نیک لوگوں کے دَرَجے بڑھاتا ہے۔ خوش قسمت لوگ اس کا انتظار کرتے، اس کے لمحات کی قدر کرتے، اس کو غنیمت جانتے ہوئے اس میں عبادت کی کثرت کرتے ہیں، اپنے رب سے بخشش ومغفرت کا سوال کرتے ہیں اور رب کی رحمت سے دنیا وآخرت کے انعامات پاتے ہیں مومنوں کی امّی جان بی بی عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب ماہِ رَمَضان آتا تو میرے سَرتاج صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم بیس دن نماز اور نیند کو ملاتے تھے اور جب آخری عشرہ ہوتا تو اللہ پاک کی عِبادت کے لئے کمر بستہ ہو جاتے۔ (مسند احمد، 338/9، حدیث: 24444) ایک اور روایت میں فرماتی ہیں: جب ماہِ رَمَضان تشریف لاتا تو شافعِ اُمَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا رنگ مبارک مُتَغَیَّر یعنی تبدیل ہو جاتا اور آپ نماز کی کثرت فرماتے اور خوب دُعائیں مانگتے۔ (شعب الایمان، 310/3، حدیث: 3625)

ہمیں بھی چاہیے کہ اپنے معمولات کو اس طرح ترتیب دیں کہ روزہ کے ساتھ ساتھ فرض نمازوں کی پابندی، تہجد، اشراق وچاشت اور اوّابین کی ادائیگی،

تلاوتِ قرآن، ذکر و درود اور مناجات و دعا کے لئے بھی وقت میسر ہو سکے۔ نبیِ کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: رمضان شریف کی ہر رات آسمانوں میں صُبحِ صادِق تک **ایک مُنادی** (یعنی اعلان کرنے والا فرشتہ) یہ نداء (اعلان) کرتا ہے، "**اے بھلائی طلب کرنے والے!** ارادہ پختہ کرلے اور خوش ہو جا، اور اے برائی کا ارادہ رکھنے والے! برائی سے باز آجا۔ **ہے کوئی مغفِرت کا طلب گار!** کہ اُس کی طَلَب پُوری کی جائے، ہے کوئی توبہ کرنے والا! کہ اُس کی توبہ قَبول کی جائے، ہے کوئی دُعا مانگنے والا! کہ اُس کی دُعا قَبول کی جائے، ہے کوئی سائل! کہ اُس کا سُوال پورا کیا جائے۔" (درمنثور، 146/1)

لہٰذا میری پیاری بہنو! اس مبارک مہینے میں اپنے رب سے بخشش کا سوال کرنے، اس کی بارگاہ میں سچے دل سے توبہ کرنے اور اس سے اپنی حاجات طلب کرنے میں ہرگز غفلت نہ کیجئے، اگر آپ اہلِ خانہ کو اعتماد میں لے کر اپنے گھر کی مسجدِ بیت میں اعتکاف کی سعادت پانے میں کامیاب ہو جاتی ہیں تو پھر ان تمام کاموں کو بہت ہی بہترین انداز میں آپ کر سکیں گی۔ اعتکاف جہاں سنّتِ سیدُ الانبیاء ہے وہیں یہ اُمّہاتُ المؤمنین کا طریقہ بھی رہا ہے، چناں چہ اُمّ المؤمنین بی بی عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ: اللہ پاک کے آخری نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم رمضانُ المبارک کے آخری عَشَرہ (یعنی آخری دس دن) کا اِعتِکاف فرمایا کرتے۔ یہاں تک کہ اللہ پاک نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

کو وفاتِ (ظاہرہ) عطا فرمائی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد آپ کی ازواجِ مُطہّرات رَضِیَ اللہُ تعالیٰ عَنْھُنَّ اعتِکاف کرتی ہیں۔ (بخاری، 664/1، حدیث: 2026)

اعتکاف کے فضائل پر دو فرامینِ مصطفٰے صَلَّی اللہُ تعَالیٰ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

1. جس نے ایمان کے ساتھ ثواب حاصل کرنے کی نیت سے اعتِکاف کیا اس کے تمام پچھلے گناہ بخش دیے جائیں گے۔ (جامع الصغیر، ص 516، حدیث: 8480)
2. جس نے رَمَضانُ المُبارک میں دس دن کا اعتِکاف کرلیا وہ ایسا ہے جیسے دو حج اور دو عُمرے کئے۔ (شعب الایمان، 425/3، حدیث: 2966)

اللہ کریم ہم سب کو رَمَضانُ المبارک کی قدر نصیب فرمائے۔

آمِین بِجاہِ النّبِیِّ الاَمِین صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

تلاوتِ قرآن سے مرض میں کمی ہوتی ہے

حضرت سیدنا طلحہ بن مُطرِّف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک مریض تھا جب اس کے پاس قرآنِ پاک کی تلاوت کی جاتی تو وہ بیماری سے افاقہ محسوس کرتا، میں اس کے خیمہ میں گیا اور اس سے کہا کہ آج میں تمھیں تندرست دیکھ رہا ہوں! اس نے جواب دیا کہ میرے پاس قرآنِ پاک کی تلاوت کی گئی ہے۔

(التبیان فی آداب حملۃ القرآن للنووی، ص 94)

شبِ قدر میں نفل نماز پڑھنے سے گناہ کی مغفرت

حضرت عُبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ:
اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لَیۡلَۃُ الۡقَدۡرِ فِی الۡعَشۡرِ الۡبَوَاقِیۡ مَنۡ قَامَھُنَّ ابۡتِغَاءَ حِسۡبَتِھِنَّ۔ فَاِنَّ اللّٰہَ یَغۡفِرُ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنۡ ذَنۡبِہٖ وَمَا تَاَخَّرَ۔ یعنی شب قدر [رمضان شریف کے] آخری دس دنوں میں ہے، جو اُس میں اللہ کی رضا کے لیے نفل نمازیں ادا کرے گا تو اللہ تعالیٰ اُس کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما دے گا۔
(مسند احمد بن حنبل ۷/۳۲۵، الحدیث: ۲۲۷۶۵، تحقیق: شعیب اُرناؤط ورفقاءہ، موسسۃ الرسالۃ، بیروت)

شبِ قدر میں یہ دعائیں کثرت سے پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الۡعَفۡوَ فَاعۡفُ عَنِّیۡ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ الۡعَفۡوَ وَ الۡعَافِیَۃَ

وَالۡمُعَافَاۃَ فِی الدِّیۡنِ وَالدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ۔

اَشۡھَدُ اَنۡ لَّاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ اَسۡئَلُکَ

الۡجَنَّۃَ وَ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ النَّارِ۔ اَللّٰھُمَّ اَجِرۡنَا

مِنَ النَّارِ ۔ یَا مُجِیْرُ ۔ یَا مُجِیْرُ ۔ یَا مُجِیْرُ ؕ

ترجمہ اے اللہ! بے شک تو خوب معاف کرنے والا ہے، معافی کو پسند فرماتا ہے تو مجھے معاف کردے۔ اے اللہ! میں تجھ سے معافی اور دین اور دنیا و آخرت میں عافیت طلب کرتا ہوں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں، اور تیری پناہ چاہتا ہوں دوزخ سے۔ اے اللہ! ہمیں جہنم سے بچالے۔ اے بچانے والے، اے بچانے والے، اے بچانے والے!

جنّت ماں کے قدموں تلے ہے

حضرت سیدنا انس بن مالک رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے مروی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجور، سلطانِ بحر و بر صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے ارشاد فرمایا جنت ماؤں کے قدموں تلے ہے۔

(کنز العمال، کتاب النکاح، الباب الثامن فی برالوالدین، الحدیث: ۴۵۴۳۱، ج۱۶، ص۱۹۲)

مشاہد بک ڈپو

www.mushahidbooks.com
/mushahidbooks

2023 MAY مئی

تاریخ	دن	ہجری شوال	فصلی	بنگلہ	شک	ہندی	سعد نحس بعقائد شیعی	قیام قمر در برج	نچھتر	طلوع AM	غروب PM
1	پیر	١٠	٢٥	١٧	١١	١١	سعد	اسد	پُروپھاگنی	٥ ٤	٦ ٨
2	منگل	١١	٢٦	١٨	١٢	١٢	سعد	سنبلہ	اُتراپھاگنی	٤	٨
3	بدھ	١٢	٢٧	١٩	١٣	١٣	نحس	سنبلہ	ہست	٣	٩
4	جمعرات	١٣	٢٨	٢٠	١٤	١٤	سعد	سنبلہ	چترا	٢	٩
5	جمعہ	١٤	٢٩	٢١	١٥	١٥	نحس	میزان	سواتی	١	١٠
6	سنیچر	١٥	١	٢٢	١٦	١	سعد	میزان	وشاکھا	١	١٠
7	اتوار	١٦	٢	٢٣	١٧	٢	نحس	عقرب	انورادھا	٠٠	١٠
8	پیر	١٧	٣	٢٤	١٨	٣	نحس	عقرب	جیوشٹھا	٠٠	١٠
9	منگل	١٨	٤	٢٥	١٩	٤	نحس	قوس	مُول	٤/٥٩	١١
10	بدھ	١٩	٥	٢٦	٢٠	٥	نحس	قوس	پُرواشاڑھ	٥٩	١١
11	جمعرات	٢٠	٦	٢٧	٢١	٦	نحس	جدی	اُتراشاڑھ	٥٨	١٢
12	جمعہ	٢١	٧	٢٨	٢٢	٧	نحس	جدی	سَرون	٥٨	١٢
13	سنیچر	٢٢	٨	٢٩	٢٣	٨/٩	سعد	دلو	دھنِشٹہ	٥٧	١٣
14	اتوار	٢٣	٩	٣٠	٢٤	١٠	نحس	دلو	ستبھیسہ	٥٧	١٣
15	پیر	٢٤	١٠	٣١	٢٥	١١	نحس	حوت	پُروبھادرا	٥٦	١٤
16	منگل	٢٥	١١	١	٢٦	١٢	سعد	حوت	اُترابھادرا	٥٦	١٤
17	بدھ	٢٦	١٢	٢	٢٧	١٣	نحس	حوت	ریوتی	٥٥	١٥
18	جمعرات	٢٧	١٣	٣	٢٨	١٤	سعد	حمل	اشونی	٥٥	١٥
19	جمعہ	٢٨	١٤	٤	٢٩	٣٠	نحس	حمل	بھرنی	٥٤	١٦
20	سنیچر	٢٩	١٥	٥	٣٠	١	سعد	ثور	کرتیکہ	٥٤	١٦
21	اتوار	٣٠	١٦	٦	٣١	٢	سعد	ثور	روہنی	٥٤	١٧
22	پیر	١	١٧	٧	١	٣	نحس	جوزا	مرگ شرش	٥٤	١٧
23	منگل	٢	١٨	٨	٢	٤	سعد	جوزا	آدرا	٥٣	١٨
24	بدھ	٣	١٩	٩	٣	٥	نحس	جوزا	پونرسو	٥٣	١٨
25	جمعرات	٤	٢٠	١٠	٤	٦	سعد	سرطان	پشیے	٥٣	١٩
26	جمعہ	٥	٢١	١١	٥	٦	نحس	سرطان	آشلیش	٥٣	١٩
27	سنیچر	٦	٢٢	١٢	٦	٧	نحس	اسد	مگھا	٥٢	١٩
28	اتوار	٧	٢٣	١٣	٧	٨	سعد	اسد	پُروپھاگنی	٥٢	١٩
29	پیر	٨	٢٤	١٤	٨	٩	نحس	اسد	اُتراپھاگنی	٥٢	٢٠
30	منگل	٩	٢٥	١٥	٩	١٠	سعد	سنبلہ	ہست	٥٢	٢٠
31	بدھ	١٠	٢٦	١٦	١٠	١١	نحس	سنبلہ	ہست	٥١	٢١

- ولادت: اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلی
- عرس: حضرت مولیٰ علی درگاہ، اعلیٰ کولکاتا
- ① یوم مزدور ⑤ بدھ پورنیا
- غزوۂ طائف — چندر گرہن
- شہادت: سید الشہداء حضرت امیر حمزہ، احد پہاڑ کے قریب مدینہ
- ولادت: امام جعفر صادق، مدینہ، عرس: ...
- وصال: حضرت ابو داؤد سلیمان بصرہ، حضرت ابو داؤد محدث دہلی
- عرس: حضرت خواجہ عبد الحسن امیر خسرو دہلی
- ربیندر جینتی (WB)
- عرس: حضرت ہرے بھرے شاہ رحمۃ اللہ علیہ دہلی
- عرس: حضرت سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت رسول ﷺ
- عرس: سید تاج الدین ... سید سرکار باقی ... ابو البرکات سید احمد قادری
- وصال: حضرت سید علی جیلانی ... بغداد
- ولادت: حضرت ابراہیم، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، عرس: ...
- عرس: حضرت بسم اللہ شاہ ممبئی، سید مظفر الدین ... پٹنہ
- نکاح: حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
- عرس: دو دوست مزار شہید عبد خان اور شہید عام احمد ...
- ذوالقعدہ کا چاند دیکھیں
- نکاح: خاتون جنت ... عرس: ...
- عرس: حضرت مولانا امجد علی اعظمی، گھوسی
- عرس: حضرت عطا محمد بندیالوی
- وصال: مقصود علی قادری ... محمد مشاہد حسین قادری
- عرس: حضرت مخدوم شاہ، بدایوں
- وصال: حضرت تاج الشریعہ، بریلی شریف
- عرس: ...
- عرس: حضرت داتا عبد الرحیم ہزاری باغ

نمازِ عیدِ الاضحیٰ کی ۲ دو رکعت واجب

نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْ ۲ صَلٰوۃِ عِیْدِ الْاَضْحٰی مَعَ سِتَّۃِ تَکْبِیْرَاتٍ زَائِدَۃٍ وَاجِبًا لِلّٰہِ تَعَالٰی مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُؕ

اردو میں: نِیَّت کی میں نے دو رکعت نمازِ عید الاضحیٰ کی واجب، چھ زائد تکبیروں کے ساتھ واسطے اللہ تعالیٰ کے، مُنھ میرا کعبہ شریف کی طرف اَللہُ اَکْبَرُ۔

قُربانی کرنے کا آسان طریقہ

قربانی کے جانور کو بائیں پہلو پر اس طرح لٹائیں کہ اس کا منہ قبلہ کی طرف ہو اور اپنا دایاں پاؤں اس کے پہلو پر رکھیں اور قربانی کے جانور کو زمین پر لٹانے سے پہلے یہ دعا پڑھیں

اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَؕ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَؕ اس کے بعد قربانی کے جانور کو قبلہ رو بائیں پہلو پر لٹائیں اور اپنا دایاں پاؤں اس کے شانے پر رکھ کر

اَللّٰھُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ پڑھتے ہوئے تیز چھری سے ذبح کردیں۔ اگر قربانی اپنی طرف سے ہو تو ذبح کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْهُ مِنِّیْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَحَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ ؕ اگر دوسرے کی طرف سے قربانی ہو تو مِنِّیْ کی جگہ مِنْ کہے پھر اس کا نام لے۔ اگر جانور میں کئی لوگ شریک ہیں تو اس طرح لکھ کر ذبح کے بعد پڑھ لیں، تاکہ کسی کا نام بھول یا چھوٹ نہ سکے۔

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ ١ نام (جس کی طرف سے قربانی ہو): .... اِبْنِ (اس کے باپ کا نام): ....

كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَحَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ ؕ

دعائے عقیقہ

اَللّٰھُمَّ هٰذِهٖ عَقِيْقَةُ اِبْنِیْ فُلَانٍ دَمُهَا بِدَمِهٖ وَلَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ ؕ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهَا فِدَآءً لِّابْنِیْ مِنَ النَّارِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ

اگر باپ ذبح کرنے والا ہو تو فلاں کی جگہ اپنے لڑکے کا نام لے۔ ورنہ دوسرا اِبْنِیْ فُلَانٍ کی جگہ لڑکے کا نام اس کے والد کے ساتھ لے۔ (مثلاً: زید ابن عمر)

2023 JUNE جون

گلبرگہ — خواجہ بندہ نواز گیسو دراز

تاریخ	دن	ذی القعدۃ/ذی الحجۃ	جیٹھ (فصلی)	جیٹھ (بنگلہ)	جیٹھ (شک)	جیٹھ/اساڑھ (بکرمی)	سعد و نحس بعقائد شیعی	قیام قمر در برج	نچھتر	طلوع AM	غروب PM	
1	جمعرات	۱۱	۲۷	۱۷	۱۱	۱۲	سعد	میزان	چترا	۵۱	۲۲	ولادت: حضرت امام علی رضا، مدینہ شریف
2	جمعہ	۱۲	۲۸	۱۸	۱۲	۱۳	نحس	میزان	سواتی ۱۵	۵۱	۲۲	
3	سنیچر	۱۳	۲۹	۱۹	۱۳	۱۴	نحس	عقرب	وشاکھا	۵۱	۲۲	۱۵=پورنیما
4	اتوار	۱۴	۳۰	۲۰	۱۴	۱۵	نحس	عقرب	جیوشٹھا	۵۱	۲۲	عرس: حضرت شاہ فضل اللہ علیہ کالپی شریف
5	پیر	۱۵	۱	۲۱	۱۵	۱/۲	نحس	قوس	مول	۵۱	۲۳	عرس: حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز، گلبرگہ (۱۷-۱۳)
6	منگل	۱۶	۲	۲۲	۱۶	۳	سعد	قوس	پوروا اشاڑھ	۵۱	۲۳	ولادت: محدث اعظم ہند، کچھوچھہ ۱۵
7	بدھ	۱۷	۳	۲۳	۱۷	۴	نحس	جدی	اترا اشاڑھ	۵۱	۲۴	
8	جمعرات	۱۸	۴	۲۴	۱۸	۵	سعد	جدی	سرون	۵۱	۲۴	
9	جمعہ	۱۹	۵	۲۵	۱۹	۶	سعد	جدی	دھنشٹہ	۵۱	۲۵	عرس: شاہ محمد عبد الغفار علیہ الرحمۃ کیرپ، پیر شمس الدین شمس چشتی، دہلی
10	سنیچر	۲۰	۶	۲۶	۲۰	۷	نحس	دلو	ستبھیسہ	۵۱	۲۵	
11	اتوار	۲۱	۷	۲۷	۲۱	۸	سعد	دلو	پوروا بھادرا	۵۱	۲۵	
12	پیر	۲۲	۸	۲۸	۲۲	۹	نحس	حوت	اترا بھادرا	۵۱	۲۵	
13	منگل	۲۳	۹	۲۹	۲۳	۱۰	سعد	حوت	ریوتی ۲۷	۵۱	۲۶	عرس: حضرت سید وکیل احمد سیوان
14	بدھ	۲۴	۱۰	۳۰	۲۴	۱۱	نحس	حمل	اشونی ۱	۵۱	۲۶	وصال: حضرت منصور حلاج رضی اللہ تعالیٰ عنہ، غلام حسین پٹنہ سیٹی
15	جمعرات	۲۵	۱۱	۳۱	۲۵	۱۲	نحس	حمل	بھرنی	۵۱	۲۷	
16	جمعہ	۲۶	۱۲	۱	۲۶	۱۳	سعد	ثور	کرتیکہ	۵۱	۲۷	عرس: حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی خرقان
17	سنیچر	۲۷	۱۳	۲	۲۷	۱۴	نحس	ثور	روہنی	۵۱	۲۷	
18	اتوار	۲۸	۱۴	۳	۲۸	۳۰	نحس	جوزا	مرگ شرش	۵۱	۲۷	وصال: سلطان اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ ہند، شہادت: ٹیپو سلطان
19	پیر	۲۹	۱۵	۴	۲۹	۱	نحس	جوزا	آدرا	۵۲	۲۸	ذی الحجۃ کا چاند دیکھیں
20	منگل	۱	۱۶	۵	۳۰	۲	سعد	جوزا	پونرسو	۵۲	۲۸	عرس: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ، مکہ، مولانا اجمل، الہ آباد
21	بدھ	۲	۱۷	۶	۳۱	۳	نحس	سرطان	آشلیش	۵۲	۲۸	وصال: حضرت سید محمد جیلانی سوروی علیہ الرحمہ
22	جمعرات	۳	۱۸	۷	۱	۴	نحس	سرطان	آشلیش	۵۲	۲۸	عرس: حضرت شیخ صدر الدین عارف، ملتان
23	جمعہ	۴	۱۹	۸	۲	۵	نحس	اسد	مگھا	۵۲	۲۹	عرس: حضرت مولانا ضیاء الدین احمد مدنی، خواجہ فرید الدین، دہلی
24	سنیچر	۵	۲۰	۹	۳	۶	نحس	اسد	مگھا	۵۲	۲۹	
25	اتوار	۶	۲۱	۱۰	۴	۷	سعد	اسد	پوروا پھالگنی	۵۳	۲۹	وصال: حاجی علی اکبر شاہ حاجی پور، شاہ رکن، حضرت خواجہ حبیب علی شاہ
26	پیر	۷	۲۲	۱۱	۵	۸	نحس	سنبلہ	اترا پھالگنی	۵۳	۲۹	وصال: حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عبد الرزاق نور العین، کچھوچھہ
27	منگل	۸	۲۳	۱۲	۶	۹	نحس	سنبلہ	ہست	۵۴	۲۹	عرس: قربان علی شاہ، ہزاری باغ، یوم ترویہ (حج کا پہلا دن)
28	بدھ	۹	۲۴	۱۳	۷	۱۰	سعد	میزان	سواتی ۱۵	۵۴	۲۹	عرس: حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ، یوم العرفہ (حج کا دوسرا دن)
29	جمعرات	۱۰	۲۵	۱۴	۸	۱۱	سعد	میزان	وشاکھا	۵۴	۳۰	عرس: مخدوم جہانیاں جہاں گشت، عید الاضحی
30	جمعہ	۱۱	۲۶	۱۵	۹	۱۲	نحس	عقرب	جیوشٹھا	۵۴	۳۰	عرس: شیخ بہاؤ الدین علیہ الرحمہ، ایام تشریق (حج کا چوتھا دن)

اے اللہ! رمضان المبارک کی تمام نعمتوں سے اور اس کے فیوض و برکات و انوار سے مالا مال فرما۔ اے اللہ! مجھے ایمان کامل نصیب فرما۔

Before
After
آئروید کا چمتکار
سفید داغ کا کامیاب علاج
ہمارے آئرویدک علاج سے داغوں کا رنگ جلدی بدلنے لگتا ہے اور جلد ہی
بدن کے قدرتی چمڑے کے رنگ میں مل جاتا ہے۔ علاج کے لیے
بیماری تفصیل یا فون پر بیدراج جی سے رابطہ کریں، علاج سے
پورا فائدہ اٹھائیں۔
عورتوں مردوں کے پوشیدہ امراض:
بجھتے ہوئے چراغ کو روشن کریں۔ نس نس میں طوفان مچادیں۔ من چاہے ٹھہراؤ اور بھرپور لذت حاصل کریں۔
جنسی فعل میں کسی طرح کی کمزوری اور پوشیدہ امراض وغیرہ کے لئے تفصیل لکھیں یا فون پر حکیم صاحب سے رابطہ قائم کریں۔
BADSHAH DAWAKHANA
P.O. KATRI SARAI, NALANDA- 805105
Mb: 08406062880, 09955263117

Holiday 2023 فہرست تعطیلات بابت ۲۰۲۳ عیسوی

JAN جنوری

1	نیا سال
12	سوامی ویویکانند جینتی (WB)
15	مکر شنکرانتی
15	پونگال (TN) Sun New Year
23	نیتاجی جینتی (WB)
26	یوم جمہوریہ
26	بسنت پنچمی

FEB فروری

5	یوم ولادت حضرت علی (UP)
5	گرو روی داس جینتی
18	مہاشیوراتری
19	شیو جینتی (MH)

MAR مارچ

7	شب برأت
7-8	ہولی
30	رام نومی

APR اپریل

4	مہابیر جینتی
7	گڈ فرائیڈے
9	ایسٹر
14	امبیڈکر جینتی
15	بنگلہ نیا سال (WB)
22	عید الفطر

MAY مئی

1	یوم مزدور
5	بدھ پورنیما
9	ربیندر جینتی (WB)

JUN جون

20	جگنّاتھ رتھ یاترا (OD)
21	یوگ دیوس
29	عید الاضحی (بقر عید)

JULY جولائی

29	یوم عاشورہ

AUG اگست

15	یوم آزادی
30	راکھی بندھن

SEPT ستمبر

7	کرشنا جنم اشٹمی
17	विश्वकर्मा पूजा (WB)
19	گنیش چتورتھی (MH)
28	عید میلاد النبی ﷺ

OCT اکتوبر

2	گاندھی جینتی
14	مہالیہ (WB)
21	مہاسپتمی (WB)
22	درگا اشٹمی (WB)
23	مہا نومی (WB)
24	وجئے دشمی

NOV نومبر

12	کالی پوجا دیوالی
15	بھائی دوج
19	چھٹ پوجا
21	जगद्धात्री पूजा (WB)
27	گرونانک جینتی

DEC دسمبر

25	کرسمس ڈے

2024

JAN جنوری

1	نیا سال
12	سوامی ویویکانند جینتی (WB)
15	مکر شنکرانتی
15	پونگال (TN) Sun New Year
23	نیتاجی جینتی (WB)
26	یوم جمہوریہ

Islamic Holiday

Govt. Holiday

www.mushahidbooks.com

ایصال ثواب کا طریقہ اوّل، آخر دُرُود شریف پڑھ لیں

یا اللہ میں نے جو کچھ درود شریف پڑھا اور قرآنِ مجید کی تلاوت کی ان میں جو بھول ہوئی ہو ان کو معاف فرما اور حضور صَلّی اللہ علیہ وسلّم کے صدقے قبول فرما اور ان کا ثواب حضور صَلّی اللہ علیہ وسلّم کی بارگاہ میں نذر ہے قبول فرما: پھر حضور صَلّی اللہ علیہ وسلّم کے وسیلے سے جملہ انبیاء کرام علیہم السلام کو عطا فرما پھر تمام صحابہ کرام، اہل بیت اطہار، ازواج مطہرات، تمام تابعین، تبع تابعین، ائمہ مجتہدین سلاسل اربعہ کے تمام بزرگانِ دین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو عطا فرما۔ • پھر کسی خاص شخص کو ثواب پہنچانا ہو تو خصوصیت کے ساتھ اس کا نام لیں پھر اس کے بعد کہیں جملہ مومنین و مومنات کی ارواح کو ثواب عطا فرما۔

شادی بیاہ کی مبارک تاریخیں بابت ۲۰۲۳-۲۴ عیسوی

نمبر	مہینہ	تاریخیں	نمبر	مہینہ	تاریخیں
1	2023 جنوری	1,2,4,6,7,9,11-13,16,20,23,26,30	9	ستمبر	3,6,8,10,11,13,29,30
2	فروری	8,13,17,18,20,23,27	10	اکتوبر	2,4,7,11,13,16,20,25,27,30
3	مارچ	1,4,8,12,16,18,21	11	نومبر	4,8,17,20,23
4	اپریل	nil	12	دسمبر	2,6,10,14,16,19,21,25,28,30
5	مئی	2,4,13,16,18,20,21,23,25,28,30	13	2024 جنوری	4,6,8-10,13,16,18,20,23,27,29
6	جون	1,6,8,9,11,13,16,25,28	14	فروری	5,10,13,15,17,18,20,22,25
7	جولائی	4,9,11,14,18,30	15	مارچ	5,10
8	اگست	1-3,6,9,11,15			وَاللہُ اَعْلَمُ بِالصواب

یہ تمام معلومات قیاس پر مشتمل ہیں۔ ان باتوں پر اعتقاد رکھنا اسلامی تعلیمات کے منافی ہیں۔

2023 JULY جولائی

شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ — یوم عاشورہ

تاریخ	دن	ہجری ۱۴۴۴	فصلی	بنگلہ	شک	بکرمی	سعد و نحس	قمر در	نچھتر	طلوع AM	غروب PM	کوائف
1	سنیچر	۱۲	۲۷	۱۶	۱۰	۱۳	نحس	عقرب	انورادھا	۵۵	۳۰	معجزہ شق القمر، مناسک حج ختم (حج کا چوتھا دن)
2	اتوار	۱۳	۲۸	۱۷	۱۱	۱۴	نحس	عقرب	جیوشٹھا	۵۵	۳۰	۱۵ = پورنیما
3	پیر	۱۴	۲۹	۱۸	۱۲	۱۵ پ	نحس	قوس	مول	۵۶	۳۰	عرس: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، عمان
4	منگل	۱۵	۱	۱۹	۱۳	۱	سعد	قوس	پوروا شاڑھ	۵۶	۳۰	عرس: حضرت شاہ [illegible]، بنگال
5	بدھ	۱۶	۲	۲۰	۱۴	۲	نحس	جدی	سَروَن	۵۶	۳۰	عرس: حضرت شمس العلما مولانا شمس الدین، جونپور
6	جمعرات	۱۷	۳	۲۱	۱۵	۳/۴	نحس	جدی	دھنسٹھا	۵۶	۳۰	
7	جمعہ	۱۸	۴	۲۲	۱۶	۵	نحس	دلو	ستبھیسہ	۵۷	۳۰	امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عرس: سید شاہ آل رسول، چھوٹے میاں مارہرہ
8	سنیچر	۱۹	۵	۲۳	۱۷	۶	نحس	دلو	پوروا بھادرا	۵۷	۳۰	عرس: مولانا صدر الافاضل نعیم الدین، مرادآباد ۱۸
9	اتوار	۲۰	۶	۲۴	۱۸	۷	سعد	حوت	اُترا بھادرا	۵۸	۳۰	
10	پیر	۲۱	۷	۲۵	۱۹	۸	نحس	حوت	ریوتی	۵۸	۳۰	عرس: حضرت سیدنا عبداللہ شاہ غازی رحمۃ اللہ علیہ، کراچی
11	منگل	۲۲	۸	۲۶	۲۰	۹	سعد	حمل	اشونی	۵۹	۲۹	ولادت: حضرت محمد مصطفیٰ رضا خان، بریلی شریف
12	بدھ	۲۳	۹	۲۷	۲۱	۱۰	نحس	حمل	بھرنی	۵۹	۲۹	وصال: حضرت مولانا محمد عبدالعلیم صدیقی میرٹھی علیہ الرحمہ
13	جمعرات	۲۴	۱۰	۲۸	۲۲	۱۱	نحس	ثور	کرتیکہ	۵۹	۲۹	
14	جمعہ	۲۵	۱۱	۲۹	۲۳	۱۲	سعد	ثور	روہنی	۵۹	۲۹	
15	سنیچر	۲۶	۱۲	۳۰	۲۴	۱۳	نحس	ثور	مرگ شرش	۵/۰۰	۲۹	شہادت: امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
16	اتوار	۲۷	۱۳	۳۱	۲۵	۱۴	نحس	جوزا	آدرا	۵/۰۰	۲۹	وصال: حضرت ابوبکر شبلی رضی اللہ عنہ، بغداد۔ خلافت: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
17	پیر	۲۸	۱۴	۳۲	۲۶	۳۰	نحس	جوزا	پونرسو	۱	۲۸	۳۰ = اماوسیہ
18	منگل	۲۹	۱۵	۱	۲۷	۱	سعد	سرطان	پشیے	۱	۲۸	
19	بدھ	۳۰	۱۶	۲	۲۸	۲	نحس	سرطان	پشیے	۲	۲۸	محرم الحرام کا چاند دیکھیں
20	جمعرات	۱	۱۷	۳	۲۹	۳	نحس	اسد	آشلیش	۲	۲۸	ولادت: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، آغاز اسلامی سال ۱۴۴۵
21	جمعہ	۲	۱۸	۴	۳۰	۳	نحس	اسد	مگھا	۳	۲۷	وصال: حضرت خواجہ معروف کرخی رضی اللہ عنہ، بغداد
22	سنیچر	۳	۱۹	۵	۳۱	۴	نحس	سنبلہ	پوروا پھالگنی	۳	۲۷	
23	اتوار	۴	۲۰	۶	۱	۵	سعد	سنبلہ	اُترا پھالگنی	۴	۲۷	وصال: حضرت خواجہ حسن بصری، عراق
24	پیر	۵	۲۱	۷	۲	۶	نحس	سنبلہ	ہست	۴	۲۷	عرس: حضرت فرید الدین مسعود گنج شکر، پاک پٹن
25	منگل	۶	۲۲	۸	۳	۷	نحس	میزان	چترا	۴	۲۶	
26	بدھ	۷	۲۳	۹	۴	۸	نحس	میزان	سواتی	۴	۲۶	عرس: عارف حق خواجہ آفاق دہلوی، فضیل بن عیاض۔ [illegible]
27	جمعرات	۸	۲۴	۱۰	۵	۹	سعد	میزان	وشاکھا	۵	۲۵	عرس: امام زین العابدین، مدینہ منورہ، مولانا حشمت علی خان، پیلی بھیت
28	جمعہ	۹	۲۵	۱۱	۶	۱۰	نحس	عقرب	انورادھا	۵	۲۵	عرس: [illegible]، مرزا مظہر جان جاناں، دہلی، شب عاشورا
29	سنیچر	۱۰	۲۶	۱۲	۷	۱۱	نحس	عقرب	جیوشٹھا	۶	۲۴	شہادت: امام حسین رضی اللہ عنہ، یوم عاشورہ، سید شاہ برکت اللہ عشقی، مارہرہ
30	اتوار	۱۱	۲۷	۱۳	۸	۱۲	سعد	قوس	مول	۶	۲۴	عرس: پیر رحمت شاہ، گوجر خان
31	پیر	۱۲	۲۸	۱۴	۹	۱۳/۱۴	نحس	قوس	پوروا شاڑھ	۷	۲۳	عرس: حضرت شیخ [illegible] دہلوی، سوم شہدائے کربلا

REDMI NOTE 5 PRO

RAIN 2023 پیشینگوئیاں بابت

نمبر	نچھتر	ابتداء	انتہا	
1	روہنی	26 اپریل	9 مئی	گرمی سے لوگوں میں اتھل پتھل اور لو کی کثرت زیادہ ہوگی۔
